DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i3.2021

مریم جمیلہ کے قبولِ اسلام اور مطالعہ اقبال کے باہمی روابط

زوہیب احمد [۞]

The Mutual Relations of Maryam Jameelah's Conversion to Islam and Study of Iqbal

Zohaib Ahmad[۞]

ABSTRACT: Muhammad Iqbal is entitled as the Poet of East; however, his thoughts are far beyond geographical barriers. His works play an important role in bridging the gaps between East and West. He influences a number of people through his poetry. One of them is Maryam Jameelah. She is an American Jewish lady who, after her conversion to Islam, migrates to Pakistan. While analyzing her conversion, most of the scholars argue that her study of the Holy Quran, works of Muhammad Asad, the concept of the hereafter, and her meetings with American Muslims result in her conversion to Islam. It is often ignored that she is also influenced by Iqbal's works. By analyzing both published and unpublished writings of Jameelah, the current study argues that along with other mentioned factors, the study of Iqbal's poetry also played a pivotal role in her conversion to Islam. She praises the poetic works of Iqbal and recognizes them as a symbol of spirituality and religiosity. However, she criticizes most of his prose works and considers them influenced by the philosophies of modernism.
Key Words: Maryam Jameelah, Muhammad Iqbal, Conversion, Islam, Quran

Summary of the Article

Maryam Jameelah was an American Jewish convert to Islam who adopted Pakistan as her second home. Born as Margaret Marcus in 1934, Maryam Jameelah beloged to a a lineage deeply rooted in the intellectual traditions of German Jewish philosophy. Her ancestors, migrated from Germany between 1848 and 1860 to America. They were followers of the German Jewish polymath, Moses Mendelssohn (1729-1786). Being the harbinger of Haskalah movement, Mendelssohn worked for the modernization of German Jewry. Growing up in a reform family, Jameelah witnessed the practices of Reform Judaism in her home.

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ ادیان عالم و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلامیہ یونی ورسٹی بہاول پور۔

۞ Assistant Professor, Department of World Religions and Interfaith Harmony, The Islamia University of Bahawalpur. (zohaib.ahmad@iub.edu.pk)

Her partents prioritized Reform Temples over traditional Jewish synagogues. Unlike her family, she was at ods with her forefathers.
She thought that Mendelssohn's ideas represent a divergence from traditional Judaism which for her was the the authentic essence of the religion. Her departure from her family's religious tradition resulted in the spiritual quest that led her towards Islam. Mostly her conversion to Islam is considered as the result of her study of the Holy Quran, encoutners with Muslims living in America, and the outstanding works of Muhammad Asad. It is often ignored that, to a larger extent, she also embraced the philosophical brilliance of Muhammad Iqbal, the national poet of Pakistan. It is overlooked that during her stay in New York, she found solace in the writings of Iqbal.
Her spiritual void was evident since her childhood. She often talked with her mother about the absence of spirtuality in her home. Perhaps it was one of the major reasons that motivated her to study the traditional cultures. Her interest in Arab culture sparked when she found that Ibrahim (peace be upon him) was the father of both Jews and Muslims. Moreover, the hostility towards Arabs and Turks during World War I and II moved her attention towards studying Arab culture and Islam with reverence.
As a passionate reader, she found peace in books on Islam and the East. She recounted how she regularly visited bookstores in New York, where she initially came across Iqbal's poetic works. She believed that Iqbal's poetic compositions, particularly *Asrār-e-Khudī* and *Rumūz-e-Bekhudī*, held timeless relevance, resonating more strongly in the contemporary era than when they were written.
Jameelah considered Iqbal to be unparalleled in his artistic presentation of Islam's message, bridging religion and spirituality through poetry. She interpreted *Asrār-e-Khudī* as advocating for Muslims to reclaim their freedom and strength through self-realization and spiritual elevation, emphasizing a complete personality through closeness to God. In *Rumūz-e-Bekhudī*, she saw symbols that encapsulated the essence of a true Islamic society, rooted in collective Islamic belief system especially in the oneness of God.
She highlighted verses from Iqbal's works that expressed love for Allah and His Messenger (peace be upon him), affection for the Hijaz, and the "true" essence of Islam. Jameelah particularly emphasized Iqbal's explanation that the Arabs, as descendants of Ibrahim, Ishaq, and Yaqub (peace be upon them), are the true heirs of the prophets, contrasting with the perceived failure of Jews to fulfill their covenant with God. Impressed from Iqbal's point of view, she writes: "here am I still a Jew - or at least everybody consideres me as such - but I am no longer a Jew in my heart." It was the change of heart. Iqbal's powerfull message intrigued her to leave Judaism and directed towards Islam. She started to believe that Muslims are the true heirs of Hebrew prophets.
Jameelah acknowledged Iqbal's exposure to European philosophies, including Nietzsche's ideas, but rejected the notion that he merely transmitted them. She disputed claims that Iqbal's references to the vicegerent of God or the perfect man echoed Nietzsche's Superman concept, citing Iqbal's own refutation of this in "The New Era." She was of the opinion that unlike Iqbal's poetry, his prose was influenced by modernity. According to Jameelah, Iqbal used Greek

philosophy, prevalent during the Mu'tazilite era rejected by Muslim scholars, arguing to open the door of Ijtihad. She thinks that Western thinkers present only one aspect of Iqbal's thought and do not show the whole picture to their readers. Additionally, she believed that Iqbal also had inclinations towards Sufism. This, she cautioned against oversimplifying Iqbal's thought and urged scholars to address apparent contradictions, particularly regarding his love/hate relationship with Sufism.

It seems that Jameelah's deep dive into the works of Iqbal unearthed profound insights not only into the poetry itself but also into the broader cultural and philosophical currents of the time. Through her research, she discerned that Iqbal's poetry held a unique allure, captivating both Eastern and Western audiences alike, and serving as a gateway to the appreciation of Islam.

Jameelah recognized Iqbal as a poet who transcended cultural and linguistic barriers, dedicating his poetic endeavors entirely to the love of Islam. She thinks that unlike poets who merely flirted with religious themes, Iqbal's verses resonated with a spiritual fervor that spoke directly to the souls of his readers.

She observed how Iqbal's life and work evolved over time, transitioning from an emphasis on secular nationalism to a more profound understanding of the role of religion in shaping national identities. This nuanced perspective enriched Jameelah's interpretation of Iqbal's poetry, allowing her to appreciate the depth of his insights into the complex interplay between faith and politics.

تعارف

محمد اقبال کو اگرچہ شاعرِ مشرق کے خطاب سے نوازا گیا تاہم ان کی فکر جغرافیائی حدود کی قیدی نہیں رہی۔ ان سے مستفید ہونے والوں میں جہاں اہل مشرق شامل ہیں وہیں ان سے استفادہ کرنے والوں میں اہلِ مغرب کی بھی کمی نہیں۔ وہ لوگ جن کو اقبال نے اپنی شاعری سے متاثر کیا ان میں ایک نام مریم جمیلہ کا بھی ہے۔ وہ ایک یہودی خاتون تھیں جو اسلام قبول کر کے ابو الاعلیٰ مودودی کی دعوت پر پاکستان آ گئیں تھیں۔ ان کے قبولِ اسلام کا جائزہ لیتے ہوئے محققین استدلال کرتے ہیں کہ مطالعہ قرآن، حیات بعد الموت، امریکہ میں مقیم مسلمانوں سے ملاقات اور محمد اسد کی کتب کا مطالعہ وہ بڑے عوامل تھے جو ان کے قبولِ اسلام کی وجہ بنے۔ تاہم اس بات کو عموماً نظر انداز کر دیا جاتا ہے کہ وہ اقبال کی فکر سے بھی متاثر تھیں۔ نیویارک میں اپنے قیام کے دوران ہی انھوں نے اقبال کی کتب کا مطالعہ شروع کر دیا تھا۔ زیرِ نظر مقالہ جمیلہ کی تصانیف کا جائزہ لیتے ہوئے استدلال کرے گا کہ دیگر عوامل کے ساتھ ساتھ اقبال کی شاعری کے مطالعہ نے بھی انھیں اسلام کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ ان کی شاعری کو روحانیت اور مذہب سے تعلق کا ایک ذریعہ سمجھتی ہیں۔ وہ اگرچہ اقبال کی نظم سے متاثر تھیں تاہم انھوں نے اقبال کی تصانیف کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے نثری کام کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا ہے۔

فکر اقبال

برصغیر کے مسلمانوں کی آزادی میں اقبال (۱۸۷۷ء– ۱۹۳۸ء) کی شاعری نے خاطر خواہ کردار ادا کیا ہے۔ اقبال کی فکر نے مسلمانوں کی سوچ کو جلا بخشی اور انھیں اس امر کی طرف مائل کیا کہ وہ خود کو حالات کے دھارے ہی میں بہنے کے لیے مت چھوڑ دیں بلکہ ایک علیحدہ ریاست کو مذہب[۱] کی بنیاد پر حاصل کرنے کی کوشش کریں۔[۲] وہ جاوید نامہ میں لکھتے ہیں کہ:

گرچہ از مشرق برآید آفتاب   با تجلی های شوخ و بی حجاب

(آفتاب اگرچہ مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور اس میں شوخ اور بے حجاب تجلیات ہوتی ہیں۔)

در تب و تاب است از سوز درون   تا ز قید شرق و غرب آید برون

(اپنے اندرونی سوز کی وجہ سے کشمکش میں رہتا ہے تاکہ وہ مشرق اور مغرب کی قید سے باہر نکل آئے (آزاد ہو جائے)۔)

بر دمد از مشرق خود جلوه مست   تا همه آفاق را آرد بدست

(لیکن وہ اپنے مشرق سے جلوہ میں مست ہو کر نکلتا ہے، یہاں تک کہ وہ تمام کائنات کو ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ (تاکہ وہ تمام کائنات کو اپنے ہاتھ یعنی اپنی کرنوں کی لپیٹ میں لے لے)۔)

فطرتش از مشرق و مغرب بری است   گرچہ او از روی نسبت خاوری است

(اس کی فطرت مشرق اور مغرب سے آزاد ہے، اگرچہ وہ نسبت کے لحاظ سے مشرقی ہے۔)[۳]

یہ اشعار بڑی حد تک خود ان پر بھی صادق آتے ہیں کہ اگرچہ وہ مشرق میں پیدا ہوئے مگر انھوں نے نہ صرف امت مسلمہ کے ایک فرد کی حیثیت سے بلکہ بحیثیت مفکر و فلسفی بھی مشرق و مغرب دونوں کو اپنے افکار کی

۱– اقبال کا خیال تھا کہ ”مذہب افراد اور قوموں کی زندگی میں ایک اہم ترین قوت ہوتی ہے۔“ اس لیے وہ مذہب کو زندگی سے الگ شے تصور نہیں کرتے تھے۔ مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے: اقبال احمد صدیقی، **علامہ اقبال: تقریریں، تحریریں اور بیانات** (لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، ۲۰۱۵ء)، ۱۲۔

۲– اقبال احمد صدیقی کے مطابق اقبال ایک اسلامی ریاست اس وجہ سے قائم نہیں کرنا چاہ رہے تھے کہ ہندو غلبے سے چھٹکارا حاصل کیا جائے بلکہ ان کا مقصد یہ تھا ”کہ مسلمان حقیقی اسلامی تصورات کے مطابق زندگی بسر کر سکیں اور مثالی معاشرہ تشکیل دے سکیں۔“ مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے: صدیقی، نفس مصدر، ۱۴۔

۳– محمد اقبال، **کلیات اقبال**، مترجم: حمید اللہ شاہ ہاشمی (لاہور: مکتبہ دانیال، س۔ن)، ۷۵۰–۷۵۱۔

روشنی سے منور کیا۔ وہ مشرق و مغرب، دونوں کے باسی بنے؛ دونوں جگہوں پر تعلیم حاصل کی اور دونوں تہذیبوں کے مزاج سے واقفیت حاصل کی۔ اگرچہ انھیں شاعرِ مشرق کے خطاب سے نوازا گیا تاہم ان کی سوچ جغرافیائی پابندیوں سے ماورا رہی۔[۴] انھوں نے مسلم و غیر مسلم دونوں مفکرین سے تعلیم حاصل کی اور دونوں کی تعلیمات کا درس دیا۔[۵] لہٰذا، جہاں اقبالیات نے مشرقی مفکرین کی سوچ کو جِلا بخشی وہیں ساکنانِ مغرب نے بھی اقبال فہمی سے استفادہ کیا۔ اقبال کی کتب کے تراجم نے اہلِ مغرب کو ان کے فارسی اور اردو کلام سے آشنائی کا موقع فراہم کیا۔ مریم جمیلہ کی بھی اقبال سے آشنائی انہی تراجم کی بدولت ہوئی۔ ذیل میں مریم جمیلہ کی زندگی، قبولِ اسلام پر اقبالیات کے اثرات اور اقبال کی تصنیفات پر ان کی رائے کا ایک جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

مریم جمیلہ کے مختصر حالاتِ زندگی

مریم جمیلہ، امریکہ کے شہر نیویارک میں جنم لینے والی ایک جرمن النسل یہودی خاتون تھیں جنھوں نے قبول اسلام کے بعد پاکستان کو بطور جائے قیام منتخب کیا۔ وہ ۱۹۳۴ء میں پیدا ہوئیں۔ ان کا پیدائشی نام مارگریٹ مارکس(Margaret Marcus) تھا۔ ان کے آباؤ اجداد ۱۸۴۸ء سے ۱۸۶۰ء کے درمیان میں جرمنی سے امریکہ آئے۔ ان کا خاندان ایک مشہور جرمن یہودی فلسفی، موسی مینڈلزن(Moses Mendelssohn) (۱۷۲۹ء– ۱۷۸۶ء) کی روشن خیال تنظیم ہشکالا(Haskalah) کا پیروکار تھا۔ مینڈلزن کو ریفارم یہودیت کے بانیوں میں تصور کیا جاتا ہے اس لیے جمیلہ کا خاندان بھی خود کو ریفارم یہودی کہا کرتا تھا اور سیناگاگ (Synagogue) کی بجائے ریفارم معبد(Reform Temples) میں عبادت کو ترجیح دیتا تھا۔[۶] مریم جمیلہ نے مینڈلزن کی تعلیمات کا گہرا اثر نہ صرف اپنے گھرانے بلکہ اردگرد کے امریکی ریفارم یہودیوں پر بھی محسوس کیا مگر وہ اسے مثبت نہیں سمجھتی تھیں۔[۷] امریکہ میں آکر ان کے گھرانے نے بڑی حد تک عیسائی طرزِ حیات اختیار

4– Riffat Hassan, "The Basis for a Hindu-Muslim Dialogue and Steps in That Direction," in *Religious Liberty and Human Rights in Nations and in Religions*, ed. Leonard J. Swidler (Philadelpheia: Ecumenical Press, 1986), 129.

۵– مثلاً دیکھیے: محمد اقبال، **کلیاتِ اقبال**، ۶۸۶۔

6– Maryam Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1989), 11.

۷– ان کا خیال تھا کہ مینڈلزن کی تحریک یہودیوں کی مذہب سے دوری کا سبب بنی ہے۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیے:

کر لیا تھا۔ وہ لکھتی ہیں کہ وہ مشہور یہودی تہوار ہینوکا (Hanukkah)اور یوم کپور(Yom Kippur)وغیرہ تو نہیں مناتے تھے مگر ایسٹر اور کرسمس کے تہوار ان کے خاندان میں پورے ذوق و شوق سے منائے جاتے تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ جس طرح ان کا خاندان جرمنی میں اپنے ہم عصر یہودیوں کی طرح[۸] معاشرے میں پوری طرح گھل مل گیا تھا[۹] ٹھیک اسی طرح ان کے گھرانے نے امریکی طرزِ زندگی کو بھی پوری دلجمعی سے قبول کر لیا اور یہاں کی تہذیب و ثقافت میں رچ بس گئے۔ ان کی پرورش اگرچہ عیسائی طرز ماحول میں ہوئی مگر انھیں عیسائیت قبول کرنے سے دلچسپی نہ تھی۔[۱۰] جان ایسپوزیٹو،[۱۱] ان کی ابتدائی زندگی کے متعلق لکھتے ہیں کہ جہاں ان کو بچپن ہی سے مشرق کے مطالعہ کا شوق تھا وہیں وہ مغربی تہذیب و ثقافت کے متعلق تنقیدی نظر بھی رکھتی تھیں۔ ان کی مصوری صرف مغربی نہیں بلکہ عالمی تھی جس میں مشرقی ممالک کی اقدار زیادہ نظر آتی تھیں۔[۱۲] اس سے پتہ چلتا ہے کہ زندگی کے اولین ایام ہی سے وہ مشرق کی دلدادہ تھیں۔ انھیں مغربی ادب کی بجائے مشرقی ادب زیادہ پسند تھا۔ تاہم یقیناً انھیں اس بات کا علم نہیں تھا کہ ایک دن انھوں نے مغرب کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خیر آباد کہہ کر مشرق سے ناطہ جوڑ لینا تھا۔

Maryam Jameelah, review of *Militant Islam*, by Godfrey H. Jansen. *Muslim World Book Review* 1, no. 2 (1981): 19; Maryam Jameelah, *Islam and Western Society: A Refutation of the Modern Way of Life* (Delhi: Adam Publishers & Distributors, 1990), 28.

8– Marion A Kaplan, *Jewish Daily Life in Germany* 1618–1945 (New York: Oxford University Press, 2005), 84.

9– Maryam Jameelah, *Islam in Theory and Practice* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1978), 3.

10– Maryam Jameelah, *Western Civilization Condemned by Itself: A Comprehensive Study of Moral Retrogression and Its Consequences*, 2 vols., vol. 1 (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1971), XI.

۱۱– جان ایسپوزیٹو ایک مشہور امریکی محقق ہیں جو جارج ٹاؤن یونیورسٹی، امریکہ میں بطور پروفیسر فرائض منصبی سرانجام دیتے رہے ہیں۔

12– John L. Esposito and Voll John, *Makers of Contemporary Islam* (Oxford: Oxford University Press, 2001), 55.

انھیں بچپن ہی سے گھر میں روحانیت کی کمی محسوس ہوئی جس کا اظہار وہ اپنی والدہ سے اکثر کرتی رہتی تھیں۔[۱۳] ان کو جب پتہ چلا کہ ابراھیم علیہ السلام یہودیوں اور عربوں دونوں کے جد امجد ہیں تو انھوں نے عرب ثقافت میں دلچسپی لینی شروع کر دی۔ مزید براں، جنگ عظیم اول و دوم نے انھیں امریکیوں کی عربوں اور ترکوں کے لیے نفرت سے روشناس کروایا جس کی وجہ سے وہ عرب ثقافت اور اسلام کے مطالعہ کی طرف اور زیادہ مائل ہو گئیں۔[۱۴] اگرچہ سکول میں انھوں نے زیادہ تر سیکولر تعلیم ہی حاصل کی لیکن اپنی زندگی کے ابتدائی ایام ہی سے انھوں نے عہد نامہِ قدیم اور عہد نامہِ جدید کا مطالعہ بھی شروع کر دیا۔ بعد ازاں یہودیت کی سمجھ، حیات بعد الموت اور زندگی کے مقصد کی تلاش نے ان کو مذاہبِ عالم کی کتبِ مقدس کی طرف راغب کیا۔ ابتدا میں انھوں نے عہد نامہ قدیم سے اپنے سوالات کے حل تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن جب اُن کی تشفی نہ ہو سکی تو انھوں نے دوسرے مذاہب کی کتب کے مطالعہ کی ٹھانی۔[۱۵] اس سے پتہ چلتا ہے کہ درج بالا مقاصد نے ایک طرف تو ان کو تقابل ادیان کی طرف راغب کیا اور دوسری طرف ان کے اندر ایک مذہبی خلا پیدا کر دیا جو آگے چل کر ان کے قبول اسلام کی شکل میں پر ہو سکا۔

اُس دور میں نیویارک میں بہت کم مسلمان آباد تھے اور وہاں کوئی قابل ذکر اسلامی مشن یا تبلیغی جماعت کا نظام موجود نہیں تھا۔[۱۶] ان کی کتب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ انیس برس تک ان کی ملاقات کسی ایسے مسلمان سے نہ ہو سکی جس نے ان پر کوئی خاطر خواہ اثر چھوڑا ہو۔ انھوں نے اسلام کے متعلق زیادہ تر معلومات کتابوں ہی سے حاصل کیں۔ قرآن مجید کے مطالعہ نے انھیں "ہدایت" سے روشناس کیا جس کی تلاش میں وہ برسوں سے سرگرداں تھیں۔[۱۷] انھوں نے دنیا بھر میں موجود مختلف مسلمان علما سے مراسلت شروع کی جس سے اُن کا رابطہ

13– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 7.

14 – Ibid., 34.

15– Maryam Jameelah, *Islam Versus Ahl al-Kitab: Past and Present* (Delhi: Taj Company, 1993), xxiv.

16– Batoul Angell Morchid, "Batoul Angell Morchid To Maryam Jameelah," (Lahore: Personal Library of Maryam Jameelah, 2011).

17– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 91-92.

ابو الاعلیٰ مودودی[۱۸] (۱۹۷۹-۱۹۰۳) سے ہوا۔ اگرچہ اس وقت تک انھوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا تاہم اسلام سے محبت اُن کی تحریروں سے عیاں تھی جس کو مودودی نے بھی محسوس کیا۔[۱۹] دس سال کی طویل ذہنی کشمکش کے بعد انھوں نے ۲۴ مئی ۱۹۶۱ کو عید الاضحیٰ کے دن دو گواہوں کی موجودگی میں شیخ داؤد احمد فیصل[۲۰] (۱۸۹۱ء) کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا۔ دو سال بعد اپنے والدین کی اجازت سے[۲۱] انھوں نے مودودی کی پیشکش پر امریکہ سے پاکستان ہجرت کی جہاں انھوں نے اپنی زندگی کے اگلے پچاس سال گزار دیے اور کبھی واپس امریکا کی طرف مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ بلکہ جب بھی ان سے امریکا جانے کے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے سختی سے اس کی مخالفت کی اور یہ واضح کر دیا کہ وہ اپنی بقیہ زندگی کسی مسلم ملک میں گزارنے ہی کو ترجیح دیں گی۔

وہ اپنے خاندان کی پہلی فرد تھیں جنھوں نے اسلام قبول کیا اور مغرب کو چھوڑ کر مشرق سے ناطہ جوڑا۔ اس کے برعکس ان کے خاندان کے بیشتر افراد نے عیسائیت کا دامن تھامنے کو ترجیح دی۔[۲۲] انھوں نے ایک ہنگامہ پرور زندگی بسر کی۔ جنگ عظیم اول و دوم کی تباہ کاریوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔[۲۳] عرب اسرائیل جنگ، دیر یاسین میں پُر امن مسلمانوں کے قتلِ عام[۲۴] اور نکبہ نے اُن کے اعصاب کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ بعد ازاں، جب وہ پاکستان آئیں اور لاہور میں قیام کیا تو ۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء کی پاک، بھارت جنگوں کے علاوہ افغان جہاد جیسے واقعات بھی

۱۸- مولانا ابو الاعلیٰ مودودی ایک نامور مسلم محقق، فقیہ، مؤرخ، ماہر معیشت، صحافی اور فلسفی تھے۔

19- Abul Ala Maudoodi and M. Jameelah, *Correspondence between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1969), 4.

۲۰- شیخ داؤد احمد فیصل ایک مراکشی عرب تھے اور امریکہ میں اسلامک مشن کے انچارج ہونے کے ساتھ ساتھ بروکلین مسجد کے امام بھی تھے۔

21- Maryam Jameelah and Abul A'lā Mawdūdī, *Correspondence Between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah* (Delhi: Crescent, 1996), 83.

22- Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 208.

23- Ibid., 16.

۲۴- ۱۹۴۸ء میں دیر یاسین کے پُر امن فلسطینی باشندوں کے قتلِ عام کو علامتی طور پر فلسطین کی تباہی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے:

Matthew Hogan, "The 1948 Massacre at Deir Yassin Revisited," Historian 63, no. 2 (2001): 1; Donald E. Wagner and Walter T. Davis, Zionism and the Quest for Justice in the Holy Land (Cambridge: Lutterworth Press, 2014), 206.

ان کی نظروں سے گزرے۔ لاہور میں انھوں نے جماعت اسلامی کے ایک سرگرم رکن محمد یوسف خان سے شادی کر لی۔ ۳۱؍اکتوبر ۲۰۱۲ء کو ۷۸ سال کی عمر میں دل کے دورے سے اُن کا انتقال ہوا۔ انھوں نے ۱۱؍کتابیں ۲۳؍کتابچے اور ۱۰۰؍سے زائد کتابوں پر اپنے تبصرات قلم بند کیے۔

اقبال سے تعارف

مریم جمیلہ کا اقبال سے تعارف ان کے امریکہ میں قیام کے دوران ہی ہو گیا تھا۔ وہ مطالعہ کی رسیا تھیں اور خصوصاً اسلام اور مشرق پر لکھی گئیں کتب ان کے لیے متاع بے بہا سے کم نہ تھیں۔[۲۵] اپنے باقاعدہ اسلام قبول کرنے سے چھ سال پہلے اپنے والدین کے نام لکھے گئے ایک خط میں انھوں نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ کس طرح ان کا اقبال اور اقبال کی شاعری سے تعارف ہوا۔ وہ لکھتی ہیں کہ جب وہ نیویارک میں مقیم تھیں تو مشرقی کتب کی ایک دوکان Orientalia Inc پر جایا کرتی تھیں تاکہ وہاں سے اسلام اور مشرق پر لکھی گئیں کتب حاصل کر سکیں۔ جب وہ پہلی دفعہ اس دوکان پر گئیں تو انھوں نے وہاں سے درج ذیل کتب خریدیں:

۱. **اسلام دوراہے پر** (*Islam at the Crossroads*) از محمد اسد[۲۶] (۱۹۰۰ء-۱۹۹۲ء)۔

۲. **مقدمہ ابن خلدون** از ابن خلدون[۲۷] (۱۳۳۲-۱۴۰۶)۔

۳. **اسرارِ خودی** اور **رموزِ بے خودی** از محمد اقبال۔

اس کے علاوہ وہ مثنوی مولانا روم بھی خریدنا چاہتی تھیں مگر رقم کم ہونے کی وجہ سے وہ ایسا نہ کر پائیں۔ وہ اردو اور فارسی سے نابلد تھیں۔ محمد اسد نے چونکہ انگریزی زبان ہی میں لکھا تھا تو اسد کو پڑھنا اور سمجھنا ان کے لیے آسان تھا۔ تاہم ابن خلدون اور اقبال کی کتابوں کے اس وقت تراجم ہی میسر تھے۔ **اسرار خودی** کا جو نسخہ انھوں نے

۲۵- نہ صرف مشرق پر لکھی گئی کتب بلکہ وہ مشرقی موسیقی کی بھی دلدادہ تھیں۔ مشرقی ادب اور مشرقی موسیقی سے لگاؤ براہ راست ان کے قبول اسلام پر اثر انداز ہوا۔ مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے:
Jameelah, *Islam Versus Ahl al-Kitab: Past and Present*, x.

۲۶- محمد اسد (Leopold Weiss) ایک جرمن یہودی تھے جو بعد ازاں مسلمان ہو گئے تھے۔ وہ ایک نامور محقق، صحافی، ادیب، مفکر، مفسر اور مترجم تھے۔

۲۷- ابنِ خلدون ایک مشہور مورخ، سوانح نگار، فقیہ اور مسلم عالم تھے جنہیں علم الاجتماع کے بانیوں میں تصور کیا جاتا ہے۔

خریدا اس کے مترجم نکولسن (۱۸۶۸ء-۱۹۴۵ء) (Reynold A. Nicholson) [۲۸] تھے جبکہ **رموز بے خودی** کا ترجمہ آربری (Arthur J. Arberry) [۲۹] کا کیا ہوا تھا۔ **شاہراہ مکہ** (*The Road to Mecca*) کے مطالعہ کی وجہ سے وہ پہلے ہی محمد اسد سے واقفیت حاصل کر چکی تھیں۔ تاہم ابن خلدون اور اقبال کو انھوں نے نہیں پڑھا تھا۔ ان کی کتب اس معاملے میں خاموش ہیں کہ ان کا تعارف ابن خلدون سے کیسے ہوا [۳۰] تاہم وہ لکھتی ہیں کہ انھوں نے پہلی دفعہ اقبال کو ان کی شاعری کی درج بالا کتابوں کے ذریعے ہی جانا۔ [۳۱] وہ ان کتابوں کے خریدنے اور پڑھنے کے شوق کا اظہار کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ اس رات انھوں نے اپنے کالج کا کام تک نہیں کیا اور ان کتابوں ہی میں کھوئی رہیں۔ **اسرار خودی** اور **رموز بے خودی** کے متعلق وہ لکھتی ہیں اگرچہ یہ دونوں فلسفیانہ نظمیں آج سے تقریباً پچاس برس پہلے لکھی گئیں تھیں تاہم ان کا پیغام اس زمانے سے زیادہ آج کے زمانے کے لیے موزوں ہے۔ [۳۲] اس سے نہ صرف یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ اسلام ور مشرقی علوم کی رسیا تھیں بلکہ ان کے یہ جملے اس بات کا اظہار بھی ہیں کہ وہ اقبال کی شاعری سے پوری طرح لطف اندوز ہو رہی تھیں اور اس بات پر یقین رکھتی تھیں کہ اقبال کے کلام میں ایسی وسعت ہے کہ وہ آج کے زمانے کی مشکلات کو حل کرنے میں بھی ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

۲۸- نکولسن ایک برطانوی مستشرق تھے جنھوں نے نہ صرف اسلامی ادب اور تصوف پر لکھا۔ انھوں نے *The Secrets of the Self* کے نام سے **اسرار خودی** کا ترجمہ کیا تھا۔

۲۹- آربری ایک نامور مستشرق تھے جنھوں نے عربی، فارسی اور علوم اسلامیہ پر اپنی تحقیق کی وجہ سے شہرت حاصل کی۔ انھوں نے *The Mysteries of Selflessness* کے نام سے **رموز بے خودی** کا ترجمہ کیا تھا۔

۳۰- وہ تاریخ سے دلچسپی رکھتی تھیں تو ہو سکتا ہے اسلامی تاریخ پڑھنے کے لیے انھوں نے **مقدمہ ابن خلدون** کو منتخب کیا ہو۔ ان کی تصنیفات میں ابن خلدون کے متعدد حوالے درج ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے فکری ارتقا میں **مقدمہ ابن خلدون** کا بھی ایک بڑا حصہ ڈالا۔ مثلاً دیکھیے:

Maryam Jameelah, *Modern Technology and the Dehumanization of Man* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1983), 10; Maryam Jameelah, *Islam and Modernism* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan & Sons, 1988), 25; Jameelah, *Islam and Western Society: A Refutation of the Modern Way of Life*, 141; Jameelah, *Islam Versus Ahl al-Kitab: Past and Present*, 190.

31– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 110.

32– Maryam Jameelah, *Islam Versus the West* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1984), 84.

اقبال کی شاعری کا تجزیہ

اقبال کے کام کو وہ نظم اور نثر کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کرتی ہیں اور علیحدہ علیحدہ ان دونوں کاموں کے متعلق اپنے نظریات سے آگاہی فراہم کرتی ہیں۔ وہ اس بات سے آگاہ تھیں کہ وہ اقبال کی شاعری کو ماخذ سے پڑھنے کی بجائے اس کا ترجمہ پڑھ رہی تھیں تاہم اس ترجمے ہی نے شاید انھیں اقبال کی سوچ اور فکر سے کما حقہ متعارف کروا دیا تھا۔ وہ لکھتی ہیں کہ اگرچہ انھوں نے اقبال کی شاعری کو تراجم ہی کی صورت میں پڑھا تھا تاہم پھر بھی ان کی شاعری نے انھیں اس قدر متاثر کیا کہ انھیں لگتا تھا کہ زندگی بھر انھوں نے ایسی شاعری کبھی نہیں پڑھی۔ ان کا خیال ہے کہ "عصر حاضر کی اسلامی دنیا میں اقبال ہی وہ واحد شاعر ہیں جنھوں نے اسلام کا پیغام فنکارانہ انداز میں دیرپا رہنے والی شاعری میں دیا ہے۔"[۳۳] وہ احمد شوقی (۱۸۶۸ء–۱۹۳۲ء)، خلیل مطران (۱۸۷۲ء–۱۹۴۹ء) اور معروف الرصافی (۱۸۷۵ء– ۱۹۴۵ء) جیسے عرب شعرا کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتی ہیں کہ اقبال ان تمام شعرا میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔ وہ ان شعرا کی طرح اسلامی موضوعات کو قومیت پرستی اور مادیت پرستی کے لیے استعمال کرنے کی بجائے صرف و صرف اسلام کی سربلندی کے لیے لکھتے ہیں۔[۳۴] ان کے خیال میں اقبال کی شاعری ان کے مزاج و ذوق کی عکاس ہے۔ مادیت پرست زمانے کے برعکس اقبال نے روحانیت کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ہے۔ ان کے لیے اقبال نہ صرف غیر مسلموں بلکہ مسلمانوں میں بھی وہ واحد شاعر ہیں جنھوں نے مذہب و روحانیت سے تعلق جوڑے رکھا ہے۔ وہ لکھتی ہیں: "جہاں تک میں جانتی ہوں انھوں نے کسی اور موضوع پر نہیں لکھا۔ یہ چیز انھیں مسلمانوں کی ادبی تاریخ میں بھی ممتاز کرتی ہے۔ یہ ایک جانی بوجھی کہاوت ہے کہ آرٹ اور پراپیگنڈہ کو آپس میں ملایا نہیں جا سکتا تاہم اقبال ایک ایسے صاحب فہم انسان تھے کہ جنھوں نے اس قاعدے کو بھی الٹ دیا۔"[۳۵] مریم جمیلہ خود بھی مصوری اور موسیقی سے رغبت رکھتی تھیں اس لیے انھیں بہت جلد اس بات کا اندازہ ہو گیا کہ اقبال کی شاعری میں وہ گہرائی موجود ہے کہ آرٹ سے اپنا تعلق توڑے بغیر وہ بڑی آسانی سے اپنا پیغام لوگوں تک پہنچا دیتی ہے۔ خود اپنے حوالے سے ان کا خیال تھا کہ اقبال کی شاعری نے انھیں اتنا متاثر کیا کہ وہ سیدھی ان کے دل میں اتر گئی۔

33– Jameelah, *Islam and Modernism*, 236; Jameelah and Mawdūdī, *Correspondence Between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah*, 7.

34– Jameelah, *Islam in Theory and Practice*, 246.

35– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 111.

۳۱؍ جنوری ۱۹۶۱ء کے ایک خط میں وہ ابو الاعلیٰ مودودی کو بتاتی ہیں کہ وہ اپنے فارغ وقت میں اسلام کی حمایت میں مضامین لکھ رہی ہیں۔ اور انھوں نے ایک مضمون علامہ اقبال کے متعلق بھی لکھا ہے۔ یہ مضمون بعد میں ان کی کتاب *Islam Versus the West* میں شائع ہوا۔ یہ کتاب ان مقالوں کا مجموعہ ہے جو انھوں نے ۱۹۵۴ اور ۱۹۶۲ء کے درمیان لکھے تھے۔[۳۶] یہ مضمون "Allama Muhammad Iqbal: The Poet of the East" کے عنوان سے ہے اور اس میں انھوں نے اقبال کا تعارف اور اقبال کی شاعری کے متعلق اپنے خیالات قلم بند کیے ہیں۔ اس مضمون میں **اسرار خودی** کا تجزیہ کرتے ہوئے وہ لکھتی ہیں کہ اس نظم میں اقبال یہ استدلال کرتے ہیں کہ خودی کی توثیق، ارتقا اور اظہار کے ذریعے مسلمان دوبارہ آزاد اور مستحکم ہو سکتے ہیں۔ جتنا انسان خدا سے دور ہوتا ہے اتنی ہی اس کی انفرادیت کم ہوتی ہے۔ جو جتنا خدا کے نزدیک آتا جاتا ہے اتنی ہی اس کی شخصیت مکمل ہوتی جاتی ہے۔ اس طرح "وہ خدا کو خود میں جذب نہیں کرتا بلکہ خدا کی صفات کو اپنے اندر جذب کرتا ہے۔"[۳۷] وہ مزید لکھتی ہیں کہ انفرادیت کا ماخذ تصوارات کی تخلیق اور پھر ان کا عملی اظہار ہے۔ اقبال کا خیال تھا کہ خودی کی حفاظت انسان کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ خودی کی تربیت کے لیے انسان کو خود کو قرآن اور سنت کے تابع کرنا ہوگا۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، قرآن کے قوانین پر عمل اور اسلام کے پانچوں اراکین کی پیروی انسان کو اس درجے پر پہنچا دیتی ہے کہ وہ خدا کا خلیفہ بننے کا اہل ہو جاتا ہے۔[۳۸] اس طرح نہ صرف انھوں نے یہ استدلال کیا ہے کہ عمل کی طرف توجہ دلا کر اقبال نے بدھ مت اور ہندو مت جیسے مذاہب کے غیر متحرک ہونے کی وضاحت کی ہے بلکہ اسلام کے دین و دنیا کے توازن کے اصول کی بھی اجاگر کر دیا ہے۔

۱۲ سال کی عمر میں جمیلہ نے اپنا پہلا اور آخری ناول **احمد خلیل** لکھنا شروع کر دیا تھا۔ اگرچہ وہ اس وقت یہودی ہی تھیں تاہم اس ناول کی تراکیب اور منظر کشی اس بات کی عکاس ہے کہ عرب ثقافت پر ان کی گہری نظر تھی۔ اگرچہ انھوں نے گیارہ کتابیں لکھیں تاہم انھیں اپنی تحریروں میں سب سے زیادہ لگاؤ **احمد خلیل** کے ساتھ ہی تھا۔ ان کی بیٹی ماریا خانم ذکر کرتی ہیں کہ زندگی کے آخری ایام تک وہ اس کا مطالعہ کیا کرتی تھیں۔[۳۹] **احمد خلیل** کے

36– Ibid., 160.

37– Jameelah, *Islam Versus the West*, 85.

38– Ibid., 85-86.

39– Marya Khanum, interview by Zohaib Ahmad, Personal Library of Maryam Jameelah, November 22, 2016.

بارے میں ان کی ایک سہیلی فاطمہ گرِم[۴۰] ایک خط میں لکھتی ہیں: "مت بھولو کہ یہی احمد خلیل ہے جو تمھیں اسلام تک لایا اور تم کو وہ بنایا جو تم آج ہو۔"[۴۱] فاطمہ کے جملے سے جہاں اس بات کا علم ہوتا ہے کہ **احمد خلیل** انھیں اسلام کی طرف راغب کرنے کا سبب بنا وہیں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ اس ناول سے نفسیاتی لگاؤ بھی رکھتی تھیں۔ اقبال وہ واحد شاعر ہیں جن کا ذکر انھوں نے اس ناول میں کیا ہے۔ **احمد خلیل** میں وہ اس طرح کلام اقبال کے اثرات کی منظر کشی کرنے کی کوشش کرتی ہیں کہ ان کے ناول کا مرکزی کردار احمد خلیل جو اگرچہ فارسی زبان سے ناآشنا ہوتا ہے **اسرار خودی** کے اشعار سنتے ہی الفاظ کے تسلسل پر ہی فریفتہ ہو جاتا ہے۔ عبد الرحمن جو احمد خلیل کے لیے فارسی اشعار پڑھ رہا ہوتا ہے بعد میں ان اشعار کا ترجمہ کرنے کی کوشش کرتا ہوا اپنے دوست سے کہتا ہے کہ "اب میں آپ کے لیے اس نظم کا عربی ترجمہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ آپ کو بعض علامات اجنبی اور غیر مانوس لگیں گی مگر ان میں موجود پیغام واضح ہے۔ آپ کو مجھے لازمی معاف کرنا چاہیے کیونکہ میں اصل شاعری کی طاقت اور خوبصورتی کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا۔"[۴۲] عبد الرحمن کے ان جملوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ جمیلہ اس بات سے آگاہ تھیں کہ ترجمہ اصل کے برابر نہیں ہوتا۔ خاص طور پر شاعری کا ترجمہ کرتے وقت اس کی خوبصورتی اور لطافت کو قائم رکھنا کٹھن ہو جاتا ہے۔

جب احمد خلیل کے سامنے اشعار کا ترجمہ کیا جاتا ہے تو شاعر کا صاف اور واضح پیغام اسے حیرت زدہ کر دیتا ہے۔ وہ عبد الرحمن سے پوچھتا ہے کہ یہ کس شاعر کا کلام ہے؟ اس نے کبھی اس شاعر کے متعلق نہیں سنا۔ ایسی شاعری آج کے دور میں نایاب ہے۔ احمد خلیل اندازہ لگاتا ہے کہ یقیناً یہ کوئی بہت پرانا شاعر ہے۔ تاہم جب اسے بتایا جاتا ہے کہ یہ شاعری اقبال کی ہے جو آج کے دور ہی کے شاعر ہیں اور لاہور میں قیام پذیر رہے ہیں تو وہ جواباً کہتا ہے:

> تب تو وہ انڈیا سے ہوئے اسی لیے میں ان کے متعلق کچھ نہیں جانتا۔ وہ کوئی عرب نہیں تھے۔ وہ سرزمین نبوی سے بہت دور پیدا ہوئے۔ وہ عربی بولتے اور لکھتے نہیں تھے پھر بھی ان کی اسلام سے محبت اور اس کا فہم ان عربوں سے کہیں بہتر ہے

۴۰– فاطمہ گرم ایک عیسائی خاتون تھیں جنھوں نے بعد ازاں اسلام قبول کر لیا تھا۔

41– Fatima Heeren Sarka, "Fatima Heeren Sarka To Maryam Jameelah," (Lahore: Personal Library of Maryam Jameelah, 1968).

42– Maryam Jameelah, *Ahmad Khalil: The Story of a Palestinian Refuge and his Family* (Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1979), 282.

جنہیں آج کل میں جانتاہوں۔ایک اجنبی زبان میں بھی انھوں نے حالیہ عرب شعر اسے کہیں بہتر یہ بتادیاہے کہ مسلمان ہونے کا مطلب کیاہے۔۔۔۔[۴۳]

جمیلہ کے خیال میں **رموزِ بے خودی** "حقیقی" اسلامی معاشرے کی خصوصیات کا اظہار ہے۔ وہ اس بات میں اقبال کی ہم خیال ہیں کہ مسلمان معاشرے کا استحکام ایک باہمی عقیدے اور خدا کی توحید کی تبلیغ میں ہے جو رنگ، نسل، زبان اور علاقائی تقسیم سے ماورا ہوتا ہے۔ اور یہ باہمی عقیدہ کعبہ کی صورت میں ایک علامت کے طور پر مسلمانوں کے پاس موجود ہے۔[۴۴] اس طرح انھوں نے اپنے ناول میں اس بات کا اظہار کیا ہے کہ اقبال کی سوچ رنگ، نسل اور جغرافیائی سرحدوں کی قیدی نہیں تھی۔ وہ وطنیت پرستی کے برعکس توحید پرستی کے حامی تھے۔

قبول اسلام پر اقبال کی شاعری کے اثرات

قبولِ اسلام ان کی زندگی کا ایک اہم واقعہ ہے۔ محققین استدلال کرتے ہیں کہ مطالعہ قرانِ مجید، حیات بعد الموت، زندگی کے مقصد کی تلاش،[۴۵] امریکہ میں موجود مسلمانوں سے ملاقات اور محمد اسد کی کتب کا مطالعہ[۴۶] وہ بڑے عوامل تھے جو ان کے قبولِ اسلام پر اثر انداز ہوئے۔ تاہم اس بات کو عموماً نظر انداز کر دیا جاتا ہے کہ وہ اقبال کی شاعری سے بھی متاثر تھیں۔ اقبالیات سے پہلے بھی اگرچہ وہ اسلام میں دلچسپی رکھتی تھیں تاہم اقبال کے مطالعہ کے بعد وہ مزید اس کی طرف مائل ہونے لگیں۔ انھوں نے **اسرارِ خودی** اور **رموزِ بے خودی** کے چند اشعار کا بطورِ خاص حوالہ دیا ہے جس میں اقبال نے ایک مسلمان کے دل میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی چاہت، ارضِ حجاز کی مٹی سے محبت اور اسلام کے معانی بیان کیے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کا حوالہ دیتے ہوئے وہ بطورِ خاص ذکر کرتی ہیں کہ کس خوبصورتی سے اقبال نے اس بات کو بیان کیا ہے کہ اصل میں تو یہودیوں کو ان انبیا علیہم السلام کا جانشین بننا چاہیے تھا مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا۔ انھوں نے کسی اور سے نہیں بلکہ خود سے، اپنے خدا سے دغا کیا جس کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے عربوں کو چنا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت سے سرفراز کیا۔ جمیلہ کے خیال میں اس طرح اقبال نے عمدگی سے یہ بات واضح کر دی کہ ابراہیم، اسحاق اور

43– Ibid., 284.

44– Jameelah, *Islam Versus the West*, 90.

45– Marcia Hermansen, "Roads To Mecca: Conversion Narratives of European And Euro-American Muslims," *The Muslim World* 89, no. 1 (1999): 78-79.

46– Patrick D. Bowen, *A History of Conversion to Islam in the United States, Volume 1: White American Muslims before 1975*, vol. 1 (Boston: Brill, 2015), 309-10.

یعقوب علیہم السلام کے اصل وارث عرب ہیں نہ کہ یہود۔ وہ لکھتی ہیں کہ " اور یہاں میں ابھی تک ایک یہودی ہی ہوں- اور کم از کم دوسرے لوگ مجھے یہودی ہی سمجھتے ہیں- لیکن اپنے دل میں اب میں یہودی نہیں رہی۔"[۴۷] یہ جملہ ایک طرف تو ان کی ذاتی زندگی میں اقبال کی شاعری سے لگاؤ کا اظہار ہے اور دوسری طرف ان کے قبولِ اسلام پر اقبال کی شاعری کے اثرات کو واضح کرتا ہے۔ جان ایسپوزیٹو نے مریم جمیلہ کی تحریروں سے درج بالا جملے کا حوالہ دیتے ہوئے یہ استدلال کیا ہے کہ ابراہیم اسحاق کیتس[۴۸] (۱۹۰۸ء– ۱۹۹۸ء) (Abraham Isaac Katsh)، جو مریم جمیلہ کے استاد تھے، کی تعلیمات سے متاثر ہو کر مریم جمیلہ نے یہ جملہ لکھا تھا تاہم جو حوالہ ایسپوزیٹو نے درج کیا ہے اس سے بھی یہی پتہ چلتا ہے کہ مریم جمیلہ نے یہ جملہ پرفیسر کیتس کی بجائے علامہ اقبال کی شاعری سے متاثر ہو کر لکھا تھا۔[۴۹] وہ اسلام اور یہودیت کی کشمکش میں تھیں۔ مغربی معاشرے کا رکن اور ایک یہودی خاندان کا فرد ہونے کے ناطے ان کے لیے یہ سمجھنا دشوار تھا کہ وہ کس مذہب کو اپنے سچے مذہب کے طور پر اپنائیں۔ یہاں اقبال کی شاعری نے ان کی مدد کی اور انھوں نے اسلام کو بطور راہ ہدایت منتخب کیا۔ بچپن سے قرب و جوار میں روحانیت کی کمی کی شکایت کرنے والی مریم جمیلہ کو اقبال کی شاعری میں مادیت پرستی، فطرتی دلکشی یا حسن و عشق کے قصوں کی بجائے روحانی عناصر کارفرما نظر آئے۔ اقبال کی شاعری نے انھیں اس درجہ متاثر کیا کہ نہ صرف انھوں نے یہودیت کو خیر آباد کہہ دیا بلکہ اس بات پر بھی یقین کرنے لگیں کہ یہودی انبیا علیہم اسلام کی وراثت کی حفاظت میں ناکام رہے ہیں اس لیے خدا نے مسلمانوں کو انبیا کا وارث بنایا ہے۔

اقبال کے ناقدین کو جواب

وہ اقبال کے نقادوں کو اپنی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھتی ہیں کہ اقبال کو سمجھنے میں لوگوں سے غلطی ہوئی ہے۔ ان کے خیال میں ناقدین کے نزدیک اقبال اپنے تصورات میں فریڈرک نطشے[۵۰] (Friedrich Wilhelm Nietzsche) (۱۸۴۴ء– ۱۹۰۰ء) کے محتاج ہیں۔ یہاں تک کہ ایک برطانوی مستشرق ایڈورڈ

47– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 112.

۴۸– پروفیسر ابراہیم اسحاق کیتس ایک یہودی ربی تھے جنہیں عبرانی اور عربی زبان کا عالم تصور کیا جاتا ہے۔

49– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 112.

۵۰– فریڈرک نطشے ایک نامور جرمن فلسفی، شاعر، اور ماہر لسانیات تھے۔

براؤن[۵۱] (Edward G. Browne) (۱۸۶۲ء–۱۹۲۶ء) نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اقبال کے خیالات نطشے کے فلسفے کا مشرقی اظہار ہیں۔[۵۲] جمیلہ خود یہ سمجھتی ہیں کہ یہ بات درست ہے کہ اقبال جدید یورپی فلسفے سے متاثر تھے اور ان پر نطشے کے تصورات کا بھی اثر تھا تاہم یہ بات درست نہیں کہ وہ یورپی فلسفے کے نقال تھے۔ اسی طرح وہ ان ناقدین کو بھی تنقید کا نشانہ بناتیں ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ اقبال نے جسے خدا کا نائب یا مرد مومن کہا ہے وہ اصل میں نطشے کا بیان کردہ سپر مین ہے۔ ان کے نزدیک اقبال نے خود بھی اپنی تصنیف *The New Era* میں اس بات کی نفی کر دی ہے۔[۵۳] وہ بیدو(J. S. Badeau) پر تنقید کرتے ہوئے لکھتی ہیں کہ انھوں نے بھی اقبال کو سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ جمیلہ کے مطابق بیدو یہ سمجھتے ہیں کہ اقبال اس بات کے حامی تھے کہ قرآن مجید لوگوں کو اس وقت دیا گیا جب ان کے پاس سائنسی علوم نہیں تھے اور اب جبکہ ان کے پاس سائنسی علوم آ گئے ہیں تو انھیں قرآن کی بجائے سائنس پر توجہ دینی چاہیے۔ وہ اقبال کی شاعری سے حوالے دیتے ہوئے استدلال کرتی ہیں کہ اقبال نے یہ بات واضح کر دی تھی کہ دورِ حاضر کے علم سے اپنی آنکھوں کو خیرہ کرنے کی ضرورت نہیں۔[۵۴] لہٰذا، وہ اس بات کی حامی ہیں کہ اقبال اپنی شاعری میں مغربی تہذیب کو اپنانے کی نفی کرتے ہیں اور مسلمانوں کو قرآن سے رغبت کی تلقین کرتے ہیں۔ مریم جمیلہ کے اس نتیجے پر یقیناً ان کی اپنی زندگی اور سوچ کا ایک گہرا اثر ہے۔ مغربی تہذیب کی رقابت مریم جمیلہ کی زندگی کا اہم جزو رہی ہے۔ ان کی کتب مغربیت کے خلاف تنقید سے پُر ہیں۔ اپنے قبولِ اسلام کو بھی وہ صرف ایک مذہبی تبدیلی کے طور پر نہیں دیکھتیں بلکہ اسے مذہب سے زیادہ تہذیب کی تبدیلی سمجھتی ہیں۔ لاہور میں موجود ان کی ذاتی لائبریری سے راقم الحروف کو *My Life Story: An American Muslim Convert Between Two Worlds 1934-1975* کے عنوان سے لکھی گئی چند صفحات پر مبنی ایک دستاویز ملی ہے جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ "میں نے جب اسلام قبول کیا تو میرے لیے یہ صرف عقیدے کی تبدیلی نہ تھی بلکہ اس سے بھی زیادہ اہم، میرا مغربی تہذیب کو چھوڑ کر اسلامی تہذیب کو اپنانا تھا۔"[۵۵] اقبال کی شاعری بھی انھیں اسی بات کی حمایت کرتی دکھائی دی کہ اقبال مغربی تہذیب کے منفی اثرات سے

۵۱– ایڈورڈ براؤن ایک برطانوی مستشرق تھے جنھوں نے تاریخ اور ادب پر اپنے کام کی وجہ سے شہرت پائی۔

52– Jameelah, *Islam Versus the West*, 92.

53– Ibid.

54– Ibid., 93-94.

55– Maryam Jameelah, "My Life Story: An American Muslim Convert Between Two Worlds 1934-1975," (Lahore: Personal Library of Maryam Jameelah, 1975).

مسلمانوں کو بچنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ وہ اس معاملے میں بالکل واضح ہیں کہ مغربی تہذیب مسلمانوں کے لیے سم قاتل ہے۔

اقبال کی تجدید فکریات اسلام کا مطالعہ

امریکہ میں قیام کے دوران ہی انھوں نے اقبال کی **تجدید فکریات اسلام** (*The Reconstruction of Religious Thought in Islam*) کا مطالعہ کر لیا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ اقبال کی نظم کے برعکس ان کی نثر جدیدیت سے متاثر ہے۔ اس کتاب کے حوالے سے وہ لکھتی ہیں کہ ”میں ان (محمد اقبال) کی لکھی تقریباً ہر بات سے سخت اختلاف رکھتی ہوں۔“[۵۶] مریم جمیلہ کے نام ایک خط میں محمد سہیل عمر[۵۷] لکھتے ہیں کہ اقبال کی نثر پر گفتگو کرتے وقت مریم جمیلہ نے ٹھیک انھیں حصوں پر تنقید کی ہے جو اسلام کی روایتی، کٹر فکر کے مخالف تھیں۔[۵۸] ابو الاعلی مودودی کو لکھے گئے ایک خط میں وہ تفصیل سے اقبالیات کے مطالعہ کے حوالے سے درپیش مشکلات کا ذکر کرتی ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ سید احمد خان (۱۸۹۸-۱۸۱۷)[۵۹] نے اپنی تحریروں میں جس طرح کا معذرت خواہانہ رویہ اختیار کیا ہے وہ اسلام کی تعلیمات کو مسخ کر کے پیش کرتا ہے۔ خان کی تحریروں سے بعد میں سید امیر علی (۱۸۴۹ء- ۱۹۲۸ء)، [۶۰] ابو الکلام آزاد[۶۱] (۱۸۸۸ء-۱۹۵۸ء) متاثر ہوئے اور ”حتی کہ علامہ اقبال بھی پوری طرح ان کے اثرات سے خود کو محفوظ نہیں رکھ سکے جیسا کہ **تجدید فکریات اسلام** سے ثابت ہوتا ہے۔“[۶۲] اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اقبال کے فکری احیا میں سید احمد خان کی فکر کارفرما دیکھتی ہیں۔ ان کا خیال یہ بھی ہے کہ اقبال کی **تجدید فکریات اسلام** مغرب سے متاثر ہے اور روایتی اسلامی فکر کے منافی ہے۔

56– Jameelah, *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth*, 160.

۵۷– محمد سہیل عمر ایک نامور پاکستانی مفکر اور فلسفی ہیں جو اقبال کی فلسفیانہ فکر کے مطالعہ کی وجہ سے مشہور ہیں۔

58– Mohammad Suheyl Umar, "Mohammad Suheyl Umar To Maryam Jameelah," (Lahore: Personal Library of Maryam Jameelah, 1985).

۵۹– سید احمد خان برصغیر کے ایک نامور ماہر تعلیم، مفکر، فلسفی اور مفسر تھے۔

۶۰– سید امیر علی نے بطور سیاسی، سماجی کارکن، مؤرخِ اسلام اور قانون دان شہرت پائی۔

۶۱– ابو الکلام آزاد ایک نامور ہندوستانی مفکر تھے جو برصغیر کی تقسیم کے بعد بھارت کے پہلے وزیر تعلیم بھی رہے۔

62– Jameelah and Mawdūdī, *Correspondence Between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah*, 65.

اپنے ایک خط میں مودودی سے استفسار کرتی ہیں کہ وہ اس بات سے آگاہ ہیں کہ اقبال بیسویں صدی کے ایک عظیم مسلمان شاعر تھے لیکن کچھ محققین انھیں ایک کٹر جدت پسند تحریر کرتے ہیں اور اپنی بات کے جواز میں اسی کتاب سے اقتباسات فراہم کرتے ہیں۔ اپنی ایک کتاب *Islam and Modernism* کے اندر وہ ہملٹن گِب[۶۳] (Hamilton Alexander Rosskeen Gibb) (۱۸۹۵ء– ۱۹۷۱ء) کے حوالے سے لکھتی ہیں کہ انھوں نے اپنی بات کا حوالہ دینے کے لیے اقبال کی **تجدید فکریات اسلام** سے رجوع کیا ہے۔[۶۴] وہ اقبال کی مصطفیٰ کمال کی تعریف کرنے پر بھی تنقید کرتی ہیں۔[۶۵] وہ مودودی سے اس بارے میں استفسار کرتی ہیں کہ اپنی شاعری میں اقبال جدت پسندی کی مخالفت کرتے ہیں اور مغربی تہذیب اور اس کے بانیوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہیں۔ وہ ان لوگوں پر بھی تنقید کرتے ہیں جو مغرب کو اپنانے کی دھن میں اپنے ثقافتی ورثے کو خیر آباد کہہ دیتے ہیں۔ لیکن ان کو یہ سمجھ نہیں آتی کہ اقبال کے کام میں اس قدر تضاد کیوں ہے؟ وہ اس بات کو تو مان نہیں سکتیں کہ اقبال منافقت سے کام لیتے تھے تو اقبال کے کام میں موجود ظاہری تضاد کی کیا توجیہ ہے؟[۶۶] جواب میں مودودی انھیں بتاتے ہیں کہ وہ بھی اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ اقبال نے اپنی شاعری میں مغرب پر تنقید کر کے اسلام کے لیے گراں قدر خدمت سرانجام دی ہے۔ لیکن یہ بات بھی ٹھیک ہے کہ ان کے کام میں تضاد نظر آتا ہے۔ مودودی کے خیال میں اس کی وجہ یہ ہے کہ اقبال کا فکری ارتقائی مرحلوں پر محیط ہے اور اپنی عمر کے آخری حصے میں وہ اسلام کو وضاحت سے سمجھ سکے تھے۔ دوسرا یہ کہ وہ "مسلم قوم پرستی" سے خود کو نکال نہیں سکے۔ یہی وجہ تھی کہ "وہ مسلمان قائدین اور جدت پسند مفکرین کی مذمت کرنے میں متذبذب تھے۔"[۶۷] ان کے خیال میں

۶۳– ہملٹن گِب ایک اسکاٹش مستشرق تھے جنہیں مشرق وسطیٰ کے ماہرین میں شمار کیا جاتا ہے۔

۶۴– مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے:

Jameelah, Islam and Modernism, 155-56.

۶۵– جمیلہ مصطفیٰ کمال کے کام کو درست نہیں سمجھتی تھیں کیونکہ ان کا خیال تھا کہ مصطفیٰ کمال نے اسلام کے لیے نہیں بلکہ ترکوں کے لیے جدوجہد کی۔ اپنے دور عروج میں اس کی شہرت اس قدر زیادہ تھی کہ اقبال جیسے صاحب فہم لوگ بھی اس بات کا ادراک کیے بغیر اس کی مدح سرائی کرتے رہے۔ دیکھیے:

Maryam Jameelah, review of Islam Against the West, by William L. Cleveland. Muslim World Book Review 7, no. 2 (1987): 62.

66– Jameelah and Mawdūdī, Correspondence Between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah, 66.

67– Ibid., 69.

اس کی تیسری وجہ یہ تھی کہ بہت سے ایسے تاریخی اور سیاسی عوامل ہیں جن کی وجہ سے برصغیر کے مسلمان ترکی کے لیے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ہمدردی محسوس کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ۱۹۳۰ تک اقبال، کمال پاشا کی اصلاحی تحریک کے حق میں لکھتے رہے اور کوشش کرتے رہے کہ اس کے لیے اسلام میں گنجائش تلاش کر سکیں لیکن آخر کار انھوں نے بھی اپنے ہاتھ کھڑے کر دیے اور کمالیوں کی مذمت کرنے لگے۔(۶۸) جمیلہ کے لیے مودودی کی وضاحت شاید قابل قبول تھی کیونکہ اپنی تصنیفات میں بھی انھوں نے اقبال کے متعلق اسی قسم کی آرا کا اظہار کیا ہے۔(۶۹)

اپنی ایک کتاب *Islam in Theory and Practice* میں انھوں نے "The Message of Allama Muhammad Iqbal" کے عنوان سے ایک پورا مضمون قلمبند کیا ہے جس میں انھوں نے اپنے تئیں اقبال کا تعارف اور ان کے افکار میں موجود تضاد کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔ انھوں نے کمال پاشا اور **تجدید فکریات اسلام** کے مواد پر تنقید کرتے ہوئے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ چونکہ ان موضوعات پر لکھنے والے اقبال خود تھے تو ان کی شہرت کی وجہ سے ان تحریروں نے نقصان بھی زیادہ کیا ہے اور "سب سے بدترین تو یہ ہے کہ انگریزی دنیا جو ان کی اردو اور فارسی شاعری سے آشنا نہیں ہے وہ ان تصانیف ہی کو اقبال کی اصل فکر سمجھتی ہے۔"(۷۰) لہٰذا، وہ استدلال کرتی ہیں کہ اقبال جس چیز کے لیے جدوجہد کر رہے تھے اسی کے لیے نا قابل تلافی نقصان کا سبب بنے ہیں۔ کیونکہ انھیں کی تحریروں کو استعمال کر کے مغربی مفکرین مسلم دنیا کو مغرب زدہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جمیلہ کے خیال میں یونانی فلسفہ جس نے معتزلہ کے دور میں رواج پایا تھا اور جس کو مسلم علما نے رد کر دیا تھا اسے اقبال نے اپنے دلائل کے لیے استعمال کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسلامی عقائد کی جدید مغربی فلسفے کی روشنی میں تجدید کرنی چاہیے۔(۷۱) وہ اس ضمن میں مغربی مفکرین کو بھی تنقید کا نشانہ بناتی ہیں جو ان کے خیال میں اقبال کی فکر کا صرف ایک رخ ہی قارین کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں، وہ یہ بھی سمجھتی تھیں کہ اقبال تصوف کے متعلق بھی ملا جلا رجحان رکھتے تھے۔(۷۲) اس لیے وہ محققین کو مشورہ دیتی ہیں کہ مطالعہ اقبال کے حوالے سے "ظاہری طور پر جو تضاد اور ابہام ان (اقبال) کے کام میں واضح نظر آتے ہیں،

68– Ibid.

69– Jameelah, *Islam in Theory and Practice*, 253, 55, 59.

70– Ibid., 248.

71– Ibid.

72– Umar, "Mohammad Suheyl Umar To Maryam Jameelah".

خاص طور پر ان کے تصوف کے ساتھ محبت / نفرت کے تعلق "[۷۳] کی وضاحت کی طرف توجہ دیں۔ تاہم اس بارے میں تفصیلات ان کی کسی تصنیف میں دستیاب نہیں ہیں۔

نتائج بحث

زیر نظر تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اقبال کی شاعری نے نہ صرف اہل مشرق کو اسلام کی طرف راغب کیا بلکہ کسی نہ کسی حد تک اہل مغرب کو بھی اسلام سے روشناس کروایا۔ مریم جمیلہ، اقبال کی نظم سے متاثر تھیں اور اس بات پر یقین رکھتی تھیں کہ شعرا، چاہے کسی بھی زبان یا ثقافت سے تعلق رکھتے ہوں، زیادہ تر فطرتی مناظر اور حسن و عشق کے مضامین کو اپنی شاعری کا محور بناتے ہیں۔ تاہم انھیں صرف اقبال ہی وہ واحد شاعر نظر آتے ہیں جنھوں نے اپنی تمام تر توانائیاں اسلام کی محبت کے لیے وقف کر رکھی تھیں۔ لہٰذا، وہ استدلال کرتی ہیں کہ دورِ حاضر کے مادہ پرست معاشرے میں اقبال نے روحانیت کو اپنا موضوع بنا کر روایتی شعرا کے برعکس انسانی زندگی میں مذہب اور روحانیت کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ یقیناً یہ علم انھیں بعد میں مودودی کے ساتھ خط و کتاب سے ہوا ہو گا کہ اقبال کی زندگی مختلف ادوار میں منقسم ہے۔ ابتدائی دور میں اقبال ایسی قومیت یا وطنیت کی بات کرتے تھے جس میں مذہبی رنگ نمایاں نہیں تھا تاہم بعد میں انھوں نے یہ واضح کر دیا کہ قومیں مذہب سے بنتی ہیں رنگ و نسل یا جغرافیائی سرحدوں سے نہیں۔ مریم جمیلہ نے اس وقت تک ان کی دوسری کتب، خاص طور پر بانگ درا، کا مطالعہ نہیں کیا ہو گا لہٰذا، وہ اقبال کی شاعری کے اسی رنگ سے واقف تھیں جو **اسرار خودی** اور **رموز بے خودی** میں نظر آتا ہے۔

مغرب کی مادہ پرست ثقافت سے بیزار مریم جمیلہ بچپن ہی سے گھر میں روحانیت کی کمی کی شکایت کرتی آئی تھیں اور بطورِ خاص ایسی تحریروں کی تلاش میں رہا کرتی تھیں جو مذہب اور روحانیت سے متعلق ہوں۔ **اسرار خودی** اور **رموز بے خودی** میں انھیں مادیت پرستی کے برعکس اسلام کی صورت میں ایک روحانی مظہر کارفرما نظر آیا جس نے براہ راست ان کے دل کو چھوا اور انھوں نے اپنے دل میں خود کو یہودی سمجھنا چھوڑ دیا۔ اقبال کے دلائل نے انھیں اس بات کا قائل کر دیا کہ انبیا علیہم السلام کے اصل وارث مسلمان ہیں نہ کہ یہود۔ وہ ان دونوں کتابوں کو فرد اور معاشرے کی روحانی تربیت میں اہم پیش رفت تصور کرتی تھیں۔ اگر اس بات کو پیمانہ مان لیا جائے کہ اپنے ناول کے کرداروں کے ذریعے انھوں نے اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے تو یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ ان کے لیے اقبال دور

73– Maryam Jameela, Review of *Iqbal Review*, by ed. Mohammad Suheyl Umar. Muslim World Book Review 7, no. 3 (1987), 62.

حاضر کے بہترین شاعر تھے جنھوں نے ایک غیر عرب ہوتے ہوئے بھی اسلام کا پیغام شاعری میں لوگوں تک واضح انداز میں پہنچایا ہے۔ اگرچہ وہ اس بات کی قائل تھیں کہ اپنی بعض تحریروں مثلاً **تجدید فکریات اسلام** میں اقبال تجدد پسندوں سے متاثر تھے تاہم وہ ان لوگوں کو تنقید کا نشانہ بناتی ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ اقبال نے صرف مغربی مفکرین کی نقالی ہی کی ہے۔ البتہ وہ یہ ضرور کہتی ہیں کہ اپنے تخیلات کی آرائش کے لیے اقبال نے مغربی فلسفے سے فائدہ اٹھایا ہے۔ ان کے خیال میں اقبال کی شاعری اور نثر میں ظاہری تضاد ہے جس کو تحقیق کے ذریعے واضح کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ مستشرقین اقبال کی شہرت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی بعض تحریروں کے ذریعے اسلامی دنیا کو مغرب زدہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

List of Sources in Roman Script

- ———. "Islam against the West." 61-63, 1987.
- ———. "Militant Islam." 18-19, 1981.
- ———. *Islam and Modernism.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan & Sons, 1988.
- ———. *Islam and Western Society: A Refutation of the Modern Way of Life.* Delhi: Adam Publishers & Distributors, 1990.
- ———. *Islam in Theory and Practice.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1978.
- ———. *Islam Versus Ahl Al-Kitab: Past and Present.* Delhi: Taj Company, 1993.
- ———. *Islam Versus the West.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1984.
- ———. *Memories of Childhood in America: The Story of One Western Convert's Quest for the Truth.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1989.
- ———. *Modern Technology and the Dehumanization of Man.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1983.
- ———. My Life Story: An American Muslim Convert between Two Worlds 1934-1975. 1975. Personal Library of Maryam Jameelah, Lahore.
- ———. *Western Civilization Condemned by Itself: A Comprehensive Study of Moral Retrogression and Its Consequences.* 2 vols. Vol. 1, Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1971.
- Bowen, Patrick D. *A History of Conversion to Islam in the United States, Volume 1: White American Muslims before 1975.* Vol. 1, Boston: Brill, 2015.
- Esposito, John L. , and Voll John. *Makers of Contemporary Islam.* Oxford: Oxford University Press, 2001.
- Hassan, Riffat. "The Basis for a Hindu-Muslim Dialogue and Steps in That Direction." In *Religious Liberty and*

Human Rights in Nations and in Religions, edited by Leonard J. Swidler. Philadelpheia: Ecumenical Press, 1986.

- Hermansen, Marcia. "Roads to Mecca: Conversion Narratives of European and Euro-American Muslims." *The Muslim World* 89, no. 1 (1999 1999): 56-89.
- Hogan, Matthew. "The 1948 Massacre at Deir Yassin Revisited." *Historian* 63, no. 2 (2001): 309-34.
- Iqbal, Muhammad, *Kullīyāt Iqbāl*, tr. Hameedullah Shah Hashmi. Lahore: Maktabah Dāniyāl, n.d.
- Jameelah, Maryam, and Abul A'lā Mawdūdī. *Correspondence between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah.* Delhi: Crescent, 1996.
- Jameelah, Maryam. *Ahmad Khalil: The Story of a Palestinian Refuge and His Family.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1979.
- Kaplan, Marion A. *Jewish Daily Life in Germany 1618–1945.* New York: Oxford University Press, 2005.
- Maudoodi, Abul Ala, and M. Jameelah. *Correspondence between Maulana Maudoodi and Maryam Jameelah.* Lahore: Mohammad Yusuf Khan, 1969.
- Morchid, Batoul Angell. Batoul Angell Morchid to Maryam Jameelah. August 24, 2011 2011. Letter. Personal Library of Maryam Jameelah, Lahore.
- Sarka, Fatima Heeren. Fatima Heeren Sarka to Maryam Jameelah. April 18, 1968 1968. Letter. Personal Library of Maryam Jameelah, Lahore.
- Siddique, Iqbal Ahmad, *Allāmah Iqbāl: Taqrīrain, Taḥrīrain aur Bayānāt*. Lahore: Iqbal Acadamy, 2015.
- Umar, Mohammad Suheyl. Mohammad Suheyl Umar to Maryam Jameelah. June 22, 1985 1985. Letter. Personal Library of Maryam Jameelah, Lahore.
- Wagner, Donald E., and Walter T. Davis. *Zionism and the Quest for Justice in the Holy Land.* Cambridge: Lutterworth Press, 2014.